باللغة الأردية
أردو _ Urdu

سلسلة المطويات الإسلامية (7)

# نماز کی اہمیت اور بے نمازی کا انجام

www.KitaboSunnat.com




اے ایمان والو!
صبر اور نماز کے ساتھ مدد طلب کرو [البقرة: 153]

جمع وترتیب : الداعیہ / جاوید اقبال فانی (ابو سلمان)
تصحیح ونظر ثانی : شیخ محمد منیر قمر حفظہ اللہ

مکتب الدعوۃ والارشاد وتوعیۃ الجالیات الخبر (مملکت سعودی عرب)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز



## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

# نماز کی اہمیت اور بے نمازی کا انجام

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلاَۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ إِلَّا بِاللّٰہِ .

وہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدمی کو نجات

* ارشاد باری تعالیٰ ہے: یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاۃ ﴿البقرۃ : 153﴾ ۔
" اے ایمان والو! صبر اور نماز کے ساتھ مدد طلب کرو"۔

صبر اور نماز ہر اللہ والے کے دو بڑے ہتھیار ہیں۔ کلمۂ توحید کے بعد دوسرا اہم رکن نماز ہے۔ شرک توحید کی ضد ہے۔ جب توحید کا معنی یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کو اس کی عبادت میں اکیلا اور منفرد مانا جائے تو اس کے برعکس شرک کی تعریف یہ ہوگی کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کے لیے کسی طرح کی عبادت کی جائے وہ عبادت نماز ہو یا روزہ، دعا، نذرونیاز، قربانی یا کسی صاحب قبر سے فریاد طلبی ہو تو اس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کیا اور شرک سب سے بڑا گناہ ہے۔ جس کی وجہ سے سارے اعمال ضائع ہوجاتے ہیں اس پر جنت حرام اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے [سورہ مائدہ 72]۔

## نماز کی اہمیت

* ارشاد باری تعالیٰ ہے: قُلْ لِعِبَادِيَ الَّذِیْنَ آمَنُوْا یُقِیمُوا الصَّلَاۃَ ﴿إبراھیم : 31﴾
" میرے ایماندار بندوں سے کہہ دیجئے کہ نماز قائم کریں"۔

* حدیث نبوی: نبیٔ کریم ﷺ کو معراج کی شب آسمانوں پر اللہ تعالیٰ نے تین تحفے دیئے پہلا تحفہ سورۂ بقرہ کی آخری دو آیات، دوسرا تحفہ پانچ وقت کی نمازیں اور تیسرا تحفہ اس مسلمان کی مغفرت کا وعدہ جو شرک کی آلودگیوں سے پاک ہوگا ۔ [صحیح مسلم کتاب الایمان، حدیث 173]۔

* نماز بندے کی اپنے رب سے محبت کی ایک علامت اور اس کی نعمتوں کی شکر گذاری ہے۔

* البقرہ آیت 238 : " نمازوں کی حفاظت کرو بالخصوص درمیان والی نماز کی"۔ درمیان والی نماز سے مراد عصر کی نماز ہے جس کو آپ ﷺ نے صلاۃ وسطیٰ قرار دیا ہے [صحیح بخاری و صحیح مسلم ]۔

* حدیث نبوی: نبیٔ کریم ﷺ کو جب بھی کوئی اہم معاملہ پیش آتا تو آپ فوراً نماز پڑھتے [احمد ۔ ابوداود]۔

* سورہ مریم آیت 55: " اسماعیل اپنے گھر والوں کو برابر نماز کا حکم دیتے تھے"۔

* نماز سے سکون اور آرام ملتا ہے: جیسا کہ آپ ﷺ نے سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ نماز کے ذریعہ ہمارے دلوں کو ٹھنڈک اور آرام پہنچاؤ [مسند احمد، ابو داود]۔

* سورہ ابراہیم آیت 40: اللہ کے نبی حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ " میرے رب مجھے اور میری اولاد کو نماز کا پابند بنادے "۔

* حدیث نبوی: نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا : "سات سال کی عمر میں بچوں کو نماز کا حکم دو اور دس سال کی عمر میں اگر وہ نہ پڑھیں تو ان کو مارو"۔ [سنن ترمذی حدیث 407]۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

* **سورہ المؤمنون آیت نمبر 1 :** "نماز پڑھنے والوں کے لئے کامیابی ہے"۔
* **النساء آیت نمبر 101-102 :** سفر اور جنگ کی حالت میں بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نماز پڑھنے کا حکم ہے۔
* **پانچ نمازوں کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو مٹادیتا ہے:** سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: "بھلا بتاؤ اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر نہر ہو جس سے وہ روزانہ پانچ مرتبہ نہاتا ہو، کیا اس کے جسم پر کوئی میل کچیل باقی رہے گا؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اس کے جسم پر کوئی میل باقی نہیں رہے گا۔ آپ نے فرمایا پس یہی پانچ نمازوں کی مثال ہے، اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے سے گناہوں کو مٹادیتا ہے" [بخاری 528، مسلم 667]۔
* **سورہ العنکبوت آیت نمبر 45:** نماز پڑھنے سے انسان برائیوں سے دور رہتا ہے۔
* **حدیث نبوی:** حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کائنات کے امام ﷺ نے فرمایا " جو شخص دو ٹھنڈی نمازیں (عصر اور فجر) پڑھتا ہے وہ جنت میں جائے گا" [بخاری 574، مسلم 635]۔
* **سورہ الاعلیٰ آیت نمبر 15:** " اور جس نے اپنے رب کو یاد کیا اور نماز پڑھتا رہا"۔
* **انسان صبح کی نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی حفظ وامان میں آجاتا ہے:**
* **حدیث نبوی:** حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: " جو شخص صبح کی نماز پڑھتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی امان میں ہوتا ہے۔ پس اے انسان تو غور سے دیکھ، اللہ تعالیٰ تجھ سے اپنی امان کی بابت کسی قسم کی باز پرس نہ کرے" [مسلم 657]۔
* **نماز پڑھنے والوں کے لئے فرشتوں کی دعائیں:**
* **حدیث نبوی:** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: " فرشتے تمھارے اس آدمی کے حق میں دعا کرتے رہتے ہیں جہاں اس نے نماز پڑھی ہے جب تک وہ بے وضو نہ ہو فرشتے دعا کرتے ہیں اے اللہ اس کو بخش دے، اے اللہ اس پر رحم فرما " [بخاری 2119، مسلم 649]۔
* **سورہ لقمان آیت نمبر 17:** حضرت لقمان علیہ السلام اپنے بیٹے کو نماز کی نصیحت کر رہے ہیں " اے میرے بیٹے! تو نماز قائم رکھنا "۔
* **اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا خواہشمند مسلمان نماز پڑھے:**

**حدیث نبوی:** سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ " جس شخص کو یہ پسند ہے کہ کل کو وہ اللہ سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ ان نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کے لئے اذان دی جائے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے تمھارے پیغمبر کے لئے ہدایت کے طریقے مقرر فرمائے ہیں اور یہ نمازیں بھی ہدایت کے طریقوں میں سے ہیں اور اگر تم نمازیں اپنے گھروں میں پڑھوگے جیسے یہ پیچھے رہنے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے پیغمبر کی سنت چھوڑدوگے۔ اور اگر تم نے اپنے پیغمبر کی سنت چھوڑدی تو یقیناً گمراہ ہوجاؤگے۔ اور میں نے تو اپنے لوگوں کا یہ حال دیکھا ہے کہ سوائے کھلے منافق کے کوئی پیچھے نہیں رہتا اور بیمار کو بھی دو آدمیوں کے سہارے نماز کے لیے لایا جاتا اور صف میں کھڑا کردیا جاتا"۔ [مسلم 654]۔

* **نبیٔ کریم ﷺ نے نماز ہی کو ایمان کی پہچان قرار دیا ہے:**

**حدیث نبوی:** سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کائنات کے امام جناب محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا " جب تم کسی کو بار بار مسجد میں آتا جاتا دیکھو تو اس کے ایمان کی گواہی دو" [سنن ترمذی ، حسن]۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

* جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے میں 27 درجہ زیادہ ثواب ہے [بخاری 645، مسلم 650]۔
* **جماعت سے نماز پڑھنا اکیلے پڑھنے سے 25 گنا زیادہ اور ہر قدم پر ایک درجہ بلند اور ایک گناہ معاف:**
* **حدیثِ نبوی:** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: " آدمی کا جماعت سے نماز پڑھنا اپنے گھر اور بازار میں نماز پڑھنے سے 25 گنا زیادہ (اجروثواب کا باعث) ہے اور یہ اس لیے ہے کہ جب آدمی وضو کرے اور اچھے طریقے سے وضو کرے پھر وہ مسجد کی طرف جائے اور مسجد کی طرف جانے سے اس کا مقصد سوائے نماز کے کچھ اور نہ ہو تو یہ جو قدم بھی اٹھائے گا اس کے ذریعے سے اس کا ایک درجہ بلند اور ایک گناہ معاف ہوگا" [بخاری کتاب الاذان 2119، مسلم 649]۔
* **صبح اور عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھنے سے پوری رات قیام کا ثواب ملتا ہے:**

**حدیثِ نبوی:** حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ: " جس نے جماعت کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھی تو اس نے گویا آدھی رات قیام کیا اور جس نے صبح کی نماز جماعت سے پڑھی تو اس نے گویا ساری رات نماز پڑھی" [مسلم 656]۔

* **بغیر عذر مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز نہ پڑھنے والوں کے لیے وعید:**

نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: " اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، یقیناً میں نے ارادہ کیا کہ میں لکڑیاں جمع کرنے کا حکم دوں پھر نماز کا حکم دوں اور اس کے لیے اذان کہی جائے، پھر کسی شخص کو لوگوں کی امامت کے لیے کہوں، پھر ان لوگوں کے گھر جلادوں جو نماز (باجماعت) میں حاضر نہیں ہوتے" [بخاری 644، مسلم 651]۔

* **فجر اور عصر کی نماز پڑھنے والا جہنم میں نہیں جائے گا:**

**حدیثِ نبوی:** حضرت ابوزہیر عمارہ بن رویبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کائنات کے امام ﷺ سے سنا کہ " جو کوئی سورج نکلنے سے قبل اور اس کے غروب ہونے سے پہلے یعنی فجر اور عصر کی نماز پڑھتا ہے وہ ہرگز جہنم کی آگ میں داخل نہیں ہوگا" [مسلم 634]۔

* **عشاء اور صبح کی نماز کی فضیلت:**

**حدیثِ نبوی:** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: " اگر لوگ عشاء اور صبح کی نماز کی فضیلت جان لیں تو انھیں گھٹنوں کے بل بھی آنا پڑے تو وہ ضرور ان نمازوں میں آئیں" [بخاری 657، مسلم 651]۔

* **وقت پر نماز کی ادائیگی کو سب سے اچھا عمل قرار دیا:**

**حدیثِ نبوی:** سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبیٔ کریم ﷺ سے پوچھا کونسا عمل سب سے زیادہ فضیلت والا ہے؟ کائنات کے امام ﷺ نے فرمایا " نماز کو اپنے وقت میں پڑھنا " [بخاری 527، مسلم 85]۔

* **قیامت کے دن تمام اعمال میں سب سے پہلے نماز کے بارے میں سوال ہوگا:**

**حدیثِ نبوی:** سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: "بے شک وہ عمل جس کے متعلق سب سے پہلے قیامت کے دن بندے سے حساب لیا جائے گا، اس کی نماز ہے"۔ [ابوداود 866]۔

* نماز ہی کی حالت میں انسان اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے سجدے کی حالت میں [مسلم]۔
* نماز میں امام کے پیچھے آمین کہنے سے اس کے پچھلے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں [بخاری 747]۔



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

* **نماز پڑھنے سے گناہ دھل جاتے ہیں:**
**حدیث نبوی:** (إنَّ العَبْدَ إذا قامَ يُصَلِّيْ أُتِيَ بِذُنُوبِه كُلِّهَا فَوُضِعَتْ عَلى رأْسِه وَعاتِقَيْه فكلَّما رَكَعَ أَوْ سَجَدَ تَسَاقَطَتْ عَنْه) " بندہ جب نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو اس کے سارے گناہ لاکر اس کے سر اور دونوں کندھوں کے اوپر رکھ دیے جاتے ہیں پھر جب وہ رکوع یا سجدہ کرتا ہے تو گناہ اس سے گرجاتے ہیں"۔
[صحیح الجامع الصغیر 1671، علامہ البانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے]۔

* **سورۃ المائدہ 55:** " تمھارے دوست صرف اللہ اور اس کا رسول ہیں، اور اہل ایمان بھی جو کہ نماز قائم کرتے اور زکوۃ ادا کرتے ہیں"۔

* دنیوی زندگی میں انسان پرہر قسم کا وقت آتا ہے، یہ کبھی تندرست ہوتا ہے کبھی اسے دشمن کا خوف ہوتا ہے، کبھی فقر وفاقہ جان ومال اور اولاد کے نقصان سے آزمایا جاتا ہے جو چیز انسان کی ڈھارس و تسلی اور قلبی راحت وسکون کا سبب بنتی ہے وہ نماز ہے۔ چنانچہ ایمان والوں کو اس قسم کے حالات میں نماز پڑھنے کی تلقین کی گئی ہے۔ اسی لیے نبی کریم ﷺ کو جب کسی اہم کام، عجیب وغریب واقعہ یا کسی خوفناک واقعہ کا سامنا ہوتا تو آپ فوراً نماز کی طرف متوجہ ہوجاتے، سورج گہن یا چاند گہن ہوتا تو نماز کسوف ادا کرتے [بخاری ومسلم]۔

* دنیا سے رخصت ہوتے وقت نبیٔ کریم ﷺ کی امت کے لیے آخری وصیت یہ تھی کہ نماز کا خیال رکھنا۔

* **قیامت کے دن پانچ وقت کی نماز پڑھنے والے کے لیے نماز نور، برہان اور نجات ہوگی:**
**حدیث نبوی:** حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ایک دن نبیٔ کریم ﷺ نے نماز کے بارے میں گفتگو کی اور فرمایا: "جس نے (پانچ) وقت نماز کی حفاظت کی، نماز قیامت کے دن اس کے لئے نور، برہان اور نجات ہوگی" [مسند احمد 169، ابن حبان 1448، طبرانی کی المعجم الکبیر اور بیہقی کی شعب الایمان میں صحیح سند سے مروی ہے]۔

## بے نمازی کا انجام:

* سابقہ گفتگو سے دینِ اسلام میں نماز کی اہمیت واضح ہوجاتی ہے۔ نماز میں کسی قسم کی لاپرواہی و سستی منافقوں کے اوصاف میں سے شمار ہوتی ہے۔ اور نماز کا چھوڑنا کفر اور گمراہی ہے اور مسلمان اسلام سے نکل جاتا ہے۔

* **نماز نہ پڑھنے سے آدمی مشرک ہوجاتا ہے:**
**سورۃ الروم آیت نمبر 31:** " نماز ادا کرو اور مشرکوں میں سے نہ ہوجاؤ "۔
**حدیث نبوی:** سیدنا ابو سفیان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا کہ: "بے شک بندے اور شرک اور کفر کے درمیان نماز کا چھوڑنا ہے" ۔ [مسلم 247، ابوداود 4678]۔

* **قرآن کریم نے گنہگاروں کو جہنم میں لے جانے والا سبب نماز کا چھوڑنا بتایا ۔سورۃ المدثر 42 - 43 :** " تمہیں دوزخ میں کونسی چیز لے آئی وہ جواب دیں گے ہم نمازی نہ تھے"۔

* **عصر کی نماز چھوڑنے سے اعمال برباد ہوجاتے ہیں:** سیدنا بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: " جس شخص نے نماز عصر چھوڑدی اس کے اعمال برباد ہوگئے " [بخاری: 594]۔

* حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا:



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

"بندے اور شرک کے درمیان نماز کے علاوہ اور کوئی شے نہیں ہے، جب اس کو ترک کیا تو اس نے شرک کیا" [صحیح ابن ماجہ، صححہ الالبانی]۔

* **نماز چھوڑنے اور اس کے بارے میں سستی برتنے والوں کے لیے سخت وعید ہے:**

**سورہ مریم آیت نمبر 59 :** "پھر ان کے بعد ایسے ناخلف پیدا ہوئے جنھوں نے نماز کو ضائع کیا اور نفسانی خواہشوں کی پیروی کی، سو وہ عنقریب گمراہی کا انجام دیکھ لیں گے"۔

**حدیث نبوی:** حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: "ہمارے اور ان (منافقین) کے درمیان عہد نماز ہے جس نے نماز کو ترک کیا اس نے تحقیق کفر کیا" [ترمذی 2621، نسائی 464، ابن ماجہ 1079 نے صحیح سند سے روایت کیا]۔

* **صرف عصر کی نماز فوت ہوجانا ایسا ہے جیسے کسی کا مال اور خاندان لٹ جانا:**

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: "جس کی عصر کی نماز فوت ہوجائے گویا اس کے اہل وعیال اور مال سب ہلاک ہوگیا ہو" [بخاری 626]۔

* **سورہ توبہ آیت نمبر 5:** "اگر توبہ کریں، نماز پڑھیں اور زکوۃ دیں تو انھیں آزاد چھوڑدو"

* **بے نمازی کا سر ایک بڑے وزنی پتھر سے کچلا جانا:**

**حدیث نبوی:** شبِ معراج میں دورانِ سفر اللہ تعالیٰ کے حکم سے نبیٔ کریم ﷺ کو جنت ودوزخ کے بعض مناظر دکھائے گئے جن میں سے ایک منظر یہ تھا کہ: "ایک شخص کا سر ایک بڑے وزنی پتھر سے کچلا جارہا تھا پھر دوبارہ یہ سر اپنی اصلی حالت میں آتا پھر اسے پتھر سے کچل دیا جاتا۔ آپ ﷺ کو پوچھنے پر بتایا گیا کہ یہ وہ شخص ہے جو فرض نماز پڑھے بغیر سوجایا کرتا تھا" [بخاری]۔

* **جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والا ملت اسلامیہ سے نکل جاتا ہے:**

**حدیث نبوی:** حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بطورِ وصیت فرمایا: "کسی کو بھی اللہ تعالیٰ کا شریک نہ ٹھہراؤ، قصداً نماز ترک نہ کرو، جس کسی نے قصداً نماز ترک کی وہ ملتِ اسلامیہ سے خارج ہوگیا" [یہ حدیث محمد ابن نصر کی کتاب الصلوۃ 920 میں ہے]۔

* **فرض نماز جان بوجھ کر چھوڑنے والا اللہ کے ذمہ سے بری ہوجاتا ہے:**

**حدیث نبوی:** حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ مجھے نبیٔ کریم ﷺ نے وصیت فرمائی کہ: "اللہ تعالیٰ کا کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اگرچہ تیرے ٹکڑے ٹکڑے کردیے جائیں یا تجھے جلادیا جائے، اور فرض نماز کو جانتے بوجھتے ترک نہ کرنا جس کسی نے فرض نماز کو جانتے ہوئے ترک کیا اس سے اللہ کا ذمہ بری ہوگیا" [علامہ البانی نے صحیح ابن ماجہ 3259 میں تخریج کی ہے]۔

* **بے نمازی کے ساتھ لڑنے کا حکم:**

**حدیث نبوی:** نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: "مجھے حکم دیا گیا ہے کہ لوگوں سے لڑتا رہوں یہاں تک کہ وہ اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کریں اور زکوۃ ادا کریں" [بخاری 25، مسلم 129]۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو نماز کی پابندی کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

**رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ.**

ٹیلیفون: 33622972 - 39578005 (973+)
مملکت بحرین- Kingdom of Bahrain



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "